# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ**

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: اردو لازمی (بک ون) 363　　　　سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: انٹر میڈیٹ

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے**

**(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)**

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: آپ کے نصاب میں شامل عبادت بریلوی کے مضمون ''ادب اور تہذیبی روایات'' کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 2: اردو ناول کا پس منظر بیان کریں۔ نیز پنڈت رتن ناتھ سرشار کے ''فسانۂ آزاد'' کا فنی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 3: ڈراما ''تعلیمِ بالغاں'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اس ڈرامے کا خلاصہ تحریر کریں اور جہاں مشکل الفاظ آئے ہیں ان کی توضیح بھی کریں۔
(20)

سوال 4: جمیل الدین عالی کی وجہ شہرت میں سفر نامہ کی کیا اہمیت ہے؟ نصاب میں شامل متن ''ایک رات'' کا خلاصہ اور لسانی تجزیہ پیش کریں۔
(20)

سوال 5: اردو کی مکتوب نگاری کی روایت میں غالب کے خطوط کی اہمیت بیان کریں۔ نیز غالب کے نصاب میں شامل خطوط کی زبان کا تجزیہ پیش کریں۔
(20 = 4 × 5)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: اقبال کے کتنے خطوط کے مجموعے ہیں؟ اقبال کے خطوط میں کن کن موضوعات پر گفتگو کی گئی ہے؟ نیز علامہ اقبال کے خطوط کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 2: آپ کے نصاب میں کون سی بلوچی لوک کہانی شامل ہے؟ اس کہانی کا خلاصہ لکھیں اور اسلوب اور خیال کا تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: حمد گو شاعر محسن کاکوروی کے حالاتِ زندگی کے متعلق بتائیے اور نصاب میں شامل ان کے کلام کا تجزیہ پیش کریں۔ (20)

سوال 4: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں: (20 = 2 × 10)

ا۔ اگر مذہب گیا (اکبر الہ آبادی) ۲۔ صبحِ شہادت (میر انیس)

سوال 5: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں: (20 = 2 × 10)

1. حروف کی کتنی اقسام ہیں؟ نیز فعل اور فاعل کی مطابقت کو مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔
2. تلخیص نگاری کیسے کی جائے؟ نیز عملی مثالوں سے تلخیص کے فنی اوصاف کی وضاحت کریں۔